بسم اللہ الرحمن الرحیم

اپنے سامنے موجود کلمہ کو دیکھئیے:اسم ہے یا فعل ہے یا حرف ہے۔

اگر اسم ہے تو:

اس میں اسم ہونے کی کون کون سی علامات پائی جارہی ہیں؟

پھر دیکھیے کہ: مصدر ہے یا مشتق یا جامد

اگر مصدر یا مشتق تو صرفی تحقیق کرتے ہوئے دیکھیں کہ:

صیغہ کونسا ہے؟ نیز اس میں جاری ہونے والے صرفی قوانین کی تفصیل کیا ہے؟

پھر دیکھیئے کہ وہ اسم متمکن ہے یا اسمِ غیر متمکن؟

اگر اسم غیر متمکن ہے تو اس کی آٹھ اقسام میں سے کونسی قسم ہے؟

اور اگر اسمِ متمکن ہے تو معرفہ ہے یا نکرہ؟

مذکر ہے یا مؤنث؟

اگر مؤنث ہے تو اس میں تانیث کی کونسی علامت پائی جارہی ہے؟

نیز وہ مؤنث حقیقی ہے یا لفظی؟

پھر وہ واحد ہے یا تثنیہ یا جمع؟

اگر جمع ہے تو جمع مکسر ہے یا جمع سالم؟

پھر دیکھیں کہ وہ جمع قلت ہے یا جمع کثرت؟

پھر باعتبار اعراب کے سولہ اقسام میں سے کونسی قسم ہے؟

اور اس کا اعراب کیا ہے؟

پھر دیکھیئے کہ وہ اسم اسمائے عاملہ سے ہے یا نہیں؟

اگر اسمائے عاملہ سے ہے تو اس کی گیارہ قسموں میں سے کونسی قسم ہے؟اور اس کا عمل کیا ہے؟

اگر فعل ہو تو:

اس میں فعل کی کون کونسی علامات پائی جارہی ہیں؟

صرفی لحاظ سے صیغہ اور اس پہ جاری ہونے والے صرفی قوانین کی تفصیل کیا ہے؟

پھر وہ فعل معرب ہے یا مبنی؟
اگر مبنی ہے تو وہ مبنی الاصل ہے یا نہیں؟
اگر معرب ہے تو فعل کی باعتبار اعراب کے چار اقسام میں سے کونسی قسم ہے اور اس کا اعراب کیا ہے؟
پھر دیکھیئے کہ وہ کن افعال سے ہے؟
افعالِ ناقصہ سے، افعالِ مقاربہ سے، افعالِ مدح وذم سے، افعالِ تعجب سے یا ان کے علاوہ سے؟
اگر پہلی چار قسموں سے ہے تو اس کا عمل کیا ہے؟
اور اگر پانچویں قسم ہے تو دیکھیئے کہ معروف ہے یا مجہول؟
لازم ہے یا متعدی؟
اگر متعدی ہے تو فعلِ متعدی کی کونسی قسم ہے؟ اور اس فعل کا عمل بھی بتایئے۔

اور اگر حرف ہے تو:

وہ حروفِ عاملہ سے ہے یا حروفِ غیر عاملہ سے؟
اگر حروفِ عاملہ سے ہو تو دیکھیئے کہ وہ اسم میں عمل کرتا ہے یا فعل میں؟
نیز اس کا عمل کیا ہے؟
اور اگر حروفِ غیر عاملہ سے ہے تو حروفِ غیر عاملہ کی کونسی قسم ہے؟

نیز یہ بھی دیکھیئے کہ وہ کلمہ عامل ہے یا معمول؟
اگر معمول ہے تو اصالۃ یا تبعاً؟
اگر تبعاً تو توابع کی پانچ اقسام میں سے کونسی قسم ہے؟
یہ بھی دیکھیئے کہ وہ کلمہ مسند ہے یا مسند الیہ؟
نیز ان کلمات سے مرکب ہونے والا جملہ اسمیہ ہے یا فعلیہ؟
خبریہ ہے یا انشائیہ؟
اگر انشائیہ ہے تو اس کی دس اقسام میں سے کونسی قسم ہے؟

واللہ جل مجدہ اعلم

محمد چمن زمان نجم القادری غفرلہ